بس کی اصلاحات سے متعلقہ مشاورت کا مختصر سوالنامہ

اگر آپ اس مشاورت کو مکمل کرنے سے قبل اس کی رازداری کا نوٹس پڑھنا چاہتے ہیں، تو آپ اسے اس سوالنامے کے اختتام پر تلاش کر سکتے ہیں۔

A1. آپ اس سروے کا جواب کس حیثیت سے دے رہے ہیں، عوام کے نمائندے کی حیثیت سے یا کسی تنظیم کے نمائندے کی حیثیت سے؟ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

میں ایک عوامی نمائندہ ہوں، جو ایک فرد کی حیثیت سے اپنے خیالات کا اظہار کر رہا/رہی ہوں

میں کسی کاروبار یا تنظیم کی جانب سے یا ان کے نمائندے کی حیثیت سے جواب دے رہا/رہی ہوں

اگرچہ عوام کے انفرادی نمائندوں کی جانب سے دیے جانے والے جوابات کو رازدارانہ رکھا جائے گا، لیکن CPCA تنظیمات، کاروباروں اور منتخب کردہ نمائندوں کی جانب سے دیے جانے والے جوابات کو شائع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

افراد 'سوالنامے کے خلاصے' پر جائیں۔ تنظیمات براہ کرم جاری رکھیں۔

A2. آپ کے کاروبار یا تنظیم کا نام کیا ہے؟ (براہ کرم تحریر کریں)

A3. آپ کا عہدہ/عہدے کا نام کیا ہے؟ (براہ کرم تحریر کریں)

سوالنامے کا خلاصہ

مشاورتی سوالنامے کے دو ورژنز ہیں: مختصر ورژن اور طویل ورژن۔ آپ جسے بھی پر کرنا چاہتے ہیں، اس کے لیے آپ کا خیر مقدم کیا جائے گا، اور آپ کو تمام سوالات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

ساتھ میں دی جانے والی مشاورتی دستاویز مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کی جانچ کا خلاصہ پیش کرتی ہے، جبکہ مشاورتی دستاویز کے سکیشنز 1 سے 5 ہر اس فرد کے لیے مفید ہیں جو مشاورت میں حصہ لینا چاہتا ہے۔

سوالنامے کا مختصر ورژن دس سوالات پر مشتمل ہے جن کی وضاحت مشاورتی دستاویز کے سیکشن 6 میں کی گئی ہے، اس کے ساتھ جانچ میں سے اہم نکات کی وضاحت بھی کی گئی ہے۔

سوالنامے کا طویل ورژن اکتیس سوالات پر مشتمل ہے جن کی وضاحت مشاورتی دستاویز کے سیکشن 7 میں کی گئی ہے، اس کے ساتھ جانچ کا مکمل خلاصہ بھی دیا گیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ سوالنامے کا طویل ورژن مکمل کرنے والے افراد مکمل جانچ کو بھی پڑھنا چاہیں۔

مشاورتی سوالنامے مشاورتی دستاویز کے متعلقہ سیکشنز کا حوالہ بھی دیتے ہیں۔

طویل ورژن ان جواب دہندگان کے لیے زیادہ مناسب ہو سکتا ہے جو بس مارکیٹ کا بہترین فہم رکھتے ہوں اور اس میں دلچسپی رکھتے ہوں کیونکہ اس میں زیادہ سوالات شامل ہیں، جن میں سے کچھ زیادہ پیچیدہ ہوتے ہیں۔

یہ مختصر سوالنامہ ہے

اگر آپ کے جوابات کے لیے جگہ کافی نہ ہو تو آپ اضافی صفحات شامل کر سکتے ہیں۔

S1. کیا آپ کے اس امر سے متعلق کوئی بھی عمومی تبصرہ جات ہیں کہ کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں حالیہ طور پر بس سروسز کتنی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں؟

S2. حکمت عملی پر مبنی کیس کے مطابق بس مارکیٹ میں اصلاحات کرنا مقامی بس مارکیٹ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مناسب ہے۔ کیا اس کے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے کے لیے معاونتی معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.15 – 6.10) ملاحظہ کریں۔

S3. اقتصادی کیس کے مطابق فرنچائزنگ مشترکہ اتھارٹی کو بہتر کردہ پارٹنرشپ کی نسبت رقم کی بہتر اور قابل قدر مناسبت کی پیشکش کرتی ہے۔ کیا اس کے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.23 – 6.16) ملاحظہ کریں۔

S4. کمرشل کیس کے مطابق مشترکہ اتھارٹی بہتر کردہ پارٹنرشپ کی نسبت فرنچائزنگ کے ذریعے اس کے کاروباری مقاصد (کامیابی سے متعلقہ عوامل) کو بہتر طور پر پورا کرنے کے قابل ہو گی؟ کیا اس کے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.33 – 6.24) ملاحظہ کریں۔

S5. مالیاتی کیس کے مطابق مشترکہ اتھارٹی کے لیے بہتر کردہ پارٹنرشپ کی نسبت فرنچائزنگ زیادہ مالی خطرے کی حامل ہے، لیکن یہ نسبتاً زیادہ کنٹرول کی پیشکش کرتی ہے، جس کے نتیجے میں زیادہ فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ کیا مشترکہ اتھارٹی کے اس خطرے کو مول لینے سے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.39 6.34) ملاحظہ کریں۔

S6. نظم کاری سے متعلقہ کیس اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ فرنچائزنگ یا بہتر کردہ پارٹنرشپ کے تحت مشترکہ اتھارٹی کس طرح بس نیٹ ورک کی نظم کاری کرے گی۔ کیا ان منصوبوں سے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ کیا ان پلانز سے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.50 – 6.40) ملاحظہ کریں۔

S7. مشترکہ اتھارٹی کا یکساں اثر کی جانچ (EqIA) نامی ڈرافٹ تحفظ یافتہ خصوصیات کے حامل افراد پر مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم یا بہتر کردہ پارٹنرشپ کے ممکنہ اثرات کی نشاندہی کرتا ہے۔ کیا اس کے متعلق آپ کے کوئی بھی تبصرہ جات ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.62 – 6.57) اور ضمیمہ 6 ملاحظہ کریں۔

S8. آپ مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کے اجراء کی کس حد تک معاونت یا مخالفت کرتے ہیں؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.30 – 6.27؛ 6.56 – 6.51؛ اور 6.64 – 6.63) اور ضمیمہ 5 ملاحظہ کریں۔ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

بہت زیادہ حد تک معاونت کرتا/کرتی ہوں

معاونت کرنے کا ارادہ رکھتا/رکھتی ہوں

نہ ہی معاونت اور نہ ہی مخالفت کرتا/کرتی ہوں

مخالفت کرنے کا ارادہ رکھتا/رکھتی ہوں

بہت زیادہ حد تک مخالفت کرتا/کرتی ہوں

معلوم نہیں ہے

S9. کیا کوئی ایسی تبدیلیاں ہیں جن سے متعلق آپ کا خیال ہے کہ وہ مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کو بہتر کریں گی؟ اس سوال کا جواب دینے میں معاونت کی غرض سے معلومات کے حصول کے لیے مشاورتی دستاویز کا سیکشن 6 (پیراگرافس 6.30 – 6.27؛ 6.56 – 6.51؛ اور 6.64 – 6.63) اور ضمیمہ 5 ملاحظہ کریں۔

S10. کیا آپ کے کوئی بھی مزید تبصرہ جات ہیں؟

اگر آپ کسی تنظیم کی جانب سے جواب دے رہے ہیں تو B1 اور B2 اور ڈیمو گرافک سوالات کو چھوڑ دیں اور صفحہ 10 پر موجود T1 پر جائیں۔ تمام انفرادی جواب دہندگان، براہ کرم B1 اور سروے کے بقیہ حصے کا جواب دے کر جاری رکھیں۔

B1. آپ مقامی بسز کا استعمال کتنے تواتر سے کرتے ہیں؟ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

دن میں کم از کم ایک دفعہ

ہفتے میں 5 یا اس سے زیادہ دفعہ، لیکن روزانہ نہیں

ہفتے میں 3 یا 4 دفعہ

ہفتے میں ایک یا دو دفعہ

اس سے کم لیکن مہینے میں دو دفعہ سے زیادہ

مہینے میں ایک یا دو دفعہ

اس سے کم لیکن سال میں دو دفعہ سے زیادہ

سال میں ایک یا دو دفعہ

سال میں ایک دفعہ سے کم

کبھی بھی نہیں (B2 کو چھوڑ دیں اور 'آپ سے متعلق' سیکشن پر جائیں)

B2. CPCA ایریا میں اپنے آخری سفر سے متعلق سوچیں، اس کا بنیادی مقصد کیا تھا...؟ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

تفریح/باہر کھانا کھانا/غیر ضروری شاپنگ

ضروری شاپنگ

کام کے لیے سفر کرنا

دوستوں یا رشتہ داروں سے ملاقات کرنا

ذاتی معاملہ

کام کے لیے سفر

صرف انفرادی جواب دہندگان ان سوالات کا جواب دیں، تنظیمات T1 پر جائیں۔

آپ سے متعلق

اپنا فیڈبیک فراہم کرنے کی خاطر وقت نکالنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ یہ ایک سروے ہے۔ درج ذیل سوالات اختیاری ہیں اور اگر آپ ان سوالات کا جواب دینے کا انتخاب کرتے ہیں تو فراہم کردہ معلومات کے ذریعے آپ کی شناخت نہیں کی جائے گی۔ تمام معلومات کو ڈیٹا کے تحفظ کے ایکٹ 2018 کے مطابق ہینڈل کیا جائے گا اور استعمال کیا جائے گا، جیسا کہ ہمارے رازداری سے متعلقہ نوٹس میں تفصیل فراہم کی گئی ہے۔ ہم اس امر کو بہتر طور پر سمجھنا چاہتے ہیں کہ ہم کس کے ساتھ مشغول ہو رہے ہیں اور پورے علاقے کے لوگوں کے جوابات سن رہے ہیں۔ ہمیں مساوات سے متعلقہ ایکٹ 2010 کے مطابق کام کرنے کی ضرورت ہے۔ درج ذیل سوالات پوچھ کر ہم اس امر کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہمارا کام ان متنوع کمیونٹیز کی عکاسی کرے جن کے لیے ہم کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں کام کر رہے ہیں۔

C1. آپ کا پوسٹ کوڈ کیا ہے؟ (براہ کرم تحریر کریں)

جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

C2. آپ کی جنس کیا ہے؟ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

خاتون

مرد

میں اپنی جنس کی شناخت کسی اور طریقے سے کرتا/کرتی ہوں (براہ کرم تحریر کریں)

جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

C3. آپ کا تعلق عمر کے کس حصے سے ہے؟ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

16 تا 17

18 تا 24

25 تا 34

35 تا 44

45 تا 54

55 تا 64

65 تا 74

75 تا 84

85 سے زائد

جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

C4. آپ کا نسلی گروپ کیا ہے؟ (اس اختیار کا انتخاب کریں جو آپ کے نسلی گروپ یا پس منظر کی بہترین طور پر وضاحت کرتا ہے)

**سفید فام**

انگریز / ویلش / اسکاٹش / شمالی آئرش / برطانوی

آئرش

جپسی یا آئرش سیاح

کوئی اور سفید فام پس منظر، براہ کرم وضاحت کریں۔

**مخلوط / مخلوط النسل گروپس**

سفید فام اور سیاہ فام کیریبین

سفید فام اور سیاہ فام افریقی

کوئی اور مخلوط / مخلوط النسل پس منظر، براہ کرم وضاحت کریں۔

**ایشیائی / ایشیائی برطانوی**

ہندوستانی

پاکستانی

بنگلہ دیشی

چینی

کوئی اور ایشیائی پس منظر، براہ کرم وضاحت کریں۔

**سیاہ فام / افریقی / کیریبین / سیاہ فام برطانوی**

افریقی

کیریبین

کوئی اور سیاہ فام / افریقی / کیریبین پس منظر، براہ کرم وضاحت کریں۔

**دیگر نسلی گروپ**

عرب

دیگر نسلی گروپ، براہ کرم وضاحت کریں۔

معلوم نہیں ہے

جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

C5. کیا آپ ذہنی یا جسمانی صحت سے متعلقہ کسی بھی قسم کے ایسے امراض یا بیماریوں کا شکار ہیں جو 12 ماہ یا اس سے زائد جاری رہیں یا ان کے جاری رہنے کی توقع ہے؟ "جسمانی اور ذہنی صحت سے متعلقہ امراض یا بیماریوں" سے ہماری مراد ایسی بیماریاں یا معذوریاں ہیں جو آپ کو لاحق ہو سکتی ہیں۔ ایسے امراض کو مدنظر رکھیں جو ہمیشہ آپ کو متاثر کرتے ہیں اور وہ جو وقتاً فوقتاً پھوٹ پڑتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ان میں حسیاتی امراض، نشوونما سے متعلقہ امراض یا سیکھنے سے متعلقہ معذوریاں شامل ہو سکتی ہیں۔ (براہ کرم صرف ایک خانے کو نشان زد کریں)

جی ہاں

نہیں

معلوم نہیں ہے

جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

C6. کیا آپ کے 18 سال یا اس سے کم عمر کے کوئی بھی بچے ہیں؟ اگر ایسا ہے، تو ان کی عمر کیا ہے؟ (براہ کرم جن کا اطلاق ہوتا ہے، سب کو نشان زد کریں)

18 سال یا اس سے کم عمر کے بچے نہیں ہیں

جی ہاں – 5 سال سے کم عمر کے بچے ہیں

جی ہاں – 5 سے 10 سال کی عمر کے بچے ہیں

جی ہاں – 11 سے 15 سال کی عمر کے بچے ہیں

جی ہاں – 16 سے 18 سال کی عمر کے بچے ہیں

جواب نہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں

C7. آپ پر درج ذیل میں سے کن صورتوں کا اطلاق ہوتا ہے …؟ (براہ کرم جن کا اطلاق ہوتا ہے، سب کو نشان زد کریں)

مجھے CPCA کے علاقے میں ایک بس آپریٹر کی جانب سے بھرتی کیا گیا ہے

مجھے CPCA کے علاقے سے باہر ایک بس آپریٹر کی جانب سے بھرتی کیا گیا ہے

میرے خاندان کا ایک فرد ایک بس آپریٹر کے لیے کام کرتا ہے

ان میں سے کوئی نہیں

معلوم نہیں ہے

T1. یہ سوالنامہ مکمل کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔

اگر آپ مستقبل میں ہماری جانب سے بس سے متعلقہ اصلاحات یا دیگر مشاورتوں سے متعلق معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو براہ کرم ذیل میں اپنی تفصیلات شامل کریں، رازداری سے متعلقہ نوٹس کو پڑھیں اور آخری صفحے پر موجود P1 مکمل کریں۔

اگر آپ مستقبل میں ہماری جانب سے مزید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتے، تو براہ کرم رازداری سے متعلقہ نوٹس کو پڑھیں اور آخری صفحے پر موجود P1 مکمل کریں۔ مشاورت میں صرف ان سوالناموں کو شامل کیا جائے گا کہ جن میں P1 کو نشان زد کیا گیا ہے۔

ای میل

نام

پتے کی لائن 1

پتے کی لائن 2

ٹاؤن/شہر

پوسٹ کوڈ

رازداری سے متعلقہ نوٹس

ڈیٹا کے تحفظ کے ایکٹ (2018) اور عمومی ڈیٹا کے تحفظ سے متعلقہ ضوابط (GDPR) کے مقاصد کے لیے، منسلک کردہ فارم میں آپ کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا کا 'کنٹرولر' کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی مشترکہ اتھارٹی ("مشترکہ اتھارٹی"، "ہم"، "ہمارا") ہے، جو بمقام Pathfinder House, St Mary's Street, Huntingdon, Cambs, PE29 3TN کی دوسری (2nd) منزل پر موجود ہے (ٹیلی فون: 01480 277180)۔

مشترکہ اتھارٹی رجسٹریشن نمبر ZA277619 کے ساتھ انفارمیشن کمشنر کے دفتر سے رجسٹرڈ ہے۔ مشترکہ اتھارٹی اس ڈیٹا کو جمع کر رہی ہے اور بس کے ذریعے سفر اور بس فرنچائزنگ کے مستقبل سے متعلقہ معلومات کو سمجھنے اور اس کی شناخت کرنے کی غرض سے اس کی عمل کاری انجام دے گی۔ مشغولیت پر مبنی اس مشق کا مقصد فرنچائزنگ اسکیم کی تیاری کے قانونی تقاضوں کو پورا کرنا، اور ان سےتجاوز کرنا ہے جیسا کہ بس سروس ایکٹ 2017 میں وضاحت کی گئی ہے۔ آپ سے آپ کے کچھ ذاتی ڈیٹا اور کسی خاص قسم کے ڈیٹا سے متعلقہ سوالات پوچھے جاتے ہیں کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ کسٹمر کے مختلف گروپس کی ضروریات مختلف ہو سکتی ہیں اور ہم علاقے میں موجود تمام کسٹمرز کے لیے ٹرانسپورٹ سروسز کو بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ علاوہ ازیں، جب آپ کوئی آن لائن سروے مکمل کریں گے تو آن لائن سروے سے آپ کا IP ایڈریس معلوم ہو جائے گا، تاہم ہم اس ڈیٹا پر مزید عمل کاری انجام نہیں دیں گے۔ ہم آپ کے فراہم کردہ تبصرہ جات/فیڈبیک 2024 کے آخری حصے میں مشاورت کے نتیجے سے متعلقہ دستیاب رپورٹس میں شائع کریں گے تاکہ یہ ظاہر کیا جا سکے کہ ہم نے آپ کے فیڈبیک کو کس طرح مدنظر رکھا ہے۔ اس میں آپ کی کسی بھی قسم کی قابلِ شناخت معلومات شامل نہیں ہوتیں۔ مشترکہ اتھارٹی مشاورت کے دوران حاصل شدہ ڈیٹا، تبصرہ جات، فیڈبیک اور/یا خیالات کا اشتراک Walnut Unlimited اور Westco Communications کے ساتھ کرے گی جو درج بالا مقصد کے تحت مشترکہ اتھارٹی کے ڈیٹا کے لیے جائزے کی سہولت فراہم کریں گی۔ جب آپ پروجیکٹ ٹیم سے کسی سوال کا جواب طلب کرتے ہیں، تو ہم مشترکہ اتھارٹی کی پروجیکٹ ٹیم کے ساتھ آپ کے نام اور رابطے کی معلومات کا اشتراک کریں گے۔ ہم درج بالا ناموں کے علاوہ کسی بھی دیگر تنظیم یا فریق ثالث کے ساتھ آپ کی معلومات کا اشتراک نہیں کریں گے۔ تاہم، کچھ ایسی دیگر صورتیں ہو سکتی ہیں کہ جن میں ہم آپ کے بارے میں مخصوص معلومات کا اشتراک یا استعمال کر سکتے ہیں، جو درج ذیل ہیں:

اگر ایسا کرنے کی ہماری قانونی ذمہ داری ہو یا ہمیں ضرورت ہو یا پولیس یا عدالت جیسی کسی مجاز اتھارٹی کی جانب سے ایسا کرنے کی درخواست کی گئی ہو؛

اگر ہمیں قانونی مشورہ حاصل کرنے یا قانونی کارروائیوں کے سلسلے میں آپ کی معلومات کو استعمال یا ظاہر کرنے کی ضرورت ہو؛

اگر ہمیں آپ کے اہم مفادات کا تحفظ کرنے کی غرض سے آپ کی معلومات کا اشتراک کرنے کی ضرورت ہو اور اگر آپ ہمیں رضامندی فراہم کرنے سے قاصر ہوں یا کچھ مخصوص حالات میں ہمارے لیے آپ سے آپ کی رضامندی سے متعلق پوچھنا نامناسب ہو (جیسا کہ اگر آپ زخمی ہوں)۔ ہم معلومات کو محفوظ رکھنے کی اپنی پالیسی کے مطابق پروجیکٹ کی مدت کے لیے آپ کی معلومات کو محفوظ رکھیں گے اور اس مدت کے زائد المیعاد ہونے پر محفوظ طریقے سے اسے حذف کر دیں گے۔

مشترکہ اتھارٹی کو فراہم کردہ معلومات پر UK GDPR کے آرٹیکل 6(1)(e) کی بنیاد پر عمل کاری انجام دی جائے گی جو یہ بیان کرتا ہے کہ عوامی مفاد میں انجام دیے گئے کسی ٹاسک کے مقاصد کے لیے عمل کاری ضروری ہے۔

ڈیٹا کا موضوع ہونے کی حیثیت سے DPA کے تحت آپ کو متعدد حقوق حاصل ہیں۔ ان میں اس معلومات تک رسائی حاصل کرنے کا حق شامل ہے جو ہم آپ سے متعلق محفوظ رکھتے ہیں۔ کچھ صورتوں میں، آپ کو اپنے ذاتی ڈیٹا کی تصحیح کرنے، اسے مٹانے یا محدود کرنے، اور آپ کے ڈیٹا کے مخصوص استعمال پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔ یہ اس چیز کی قانونی حثیت پر اثر انداز نہیں ہو گا کہ ہم آپ کے ایسی درخواست کرنے سے قبل آپ کے ذاتی ڈیٹا کے ساتھ کیا کرتے ہیں اور ہمیں اس حد تک آپ کے ڈیٹا کا استعمال جاری رکھنے سے نہیں روکے گا کہ جس کے لیے ہمیں آپ کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ ہمیں ڈیٹا کو ان مقاصد کے لیے مزید استعمال کرنے سے روکے گا کہ جن کے لیے آپ کی رضامندی کی ضرورت ہوتی ہے (جیسا کہ مارکیٹنگ)۔ Walnut Unlimited اور Westco Communications ڈیٹا کی عمل کاری میں ہماری معاونت کریں گی۔

newvista (جو Walnut Unlimited Limited کے زیر ملکیت ہے) ڈیٹا کے تحفظ سے متعلقہ تمام تر قابل اطلاق قانون سازی کی تعمیل کرتی ہے اور مارکیٹ ریسرچ سوسائٹی کے ضابطہ اخلاق پر عمل کرتی ہے۔ تمام ڈیٹا کو نجی اور رازدارانہ رکھا جاتا ہے۔ آپ کسی بھی وقت اپنی شرکت سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔

اس سروے کے جواب کے حصے کے طور پر آپ کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی قسم کے ذاتی ڈیٹا کی نگرانی Walnut Unlimited کی رازداری کی پالیسی کے ذریعے کی جاتی ہے کیونکہ وہ اس ڈیٹا کے کنٹرولر ہیں۔ براہ کرم پیشرفت کرنے سے قبل Walnut Unlimited کی رازداری کی پالیسی کا جائزہ لینے کے لیے www.newvistalive.com/privacycookiepolicy پر جائیں۔

Westco Communications ڈیٹا کے تحفظ سے متعلقہ تمام تر قابل اطلاق قانون سازی کی تعمیل کرتی ہے۔ تمام ڈیٹا کو نجی اور رازدارانہ رکھا جاتا ہے۔ آپ کسی بھی وقت اپنی شرکت سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ اس سروے کے جواب کے حصے کے طور پر آپ کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی قسم کے ذاتی ڈیٹا کی نگرانی Westco Communications کی رازداری کی پالیسی کے ذریعے کی جاتی ہے کیونکہ وہ اس ڈیٹا کے کنٹرولر ہیں۔ براہ کرم پیشرفت کرنے سے قبل Westco کی رازداری کی پالیسی کا جائزہ لینے کے لیے www.westcocommunications.com/privacypolicy پر جائیں۔

ہم جس طریقے سے آپ کا ذاتی ڈیٹا حاصل کرتے یا اس کا استعمال کرتے ہیں، اگر آپ اس سے غیر مطمئن ہیں تو آپ کو حق حاصل ہے کہ انفارمیشن کمشنر کے دفتر میں شکایت درج کروائیں۔ شکایات درج کروانے کے طریقے سے متعلق معلومات ICO کی ویب سائٹ، ico.org.uk پر حاصل کی جا سکتی ہیں

ہم اپنے کارپوریٹ رازداری کے نوٹس کے مطابق عمل کرتے ہیں، جو ذاتی ڈیٹا کی عمل کاری اور اس امر سے متعلق مزید معلومات فراہم کرتا ہے کہ درخواست کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کیسے کریں:

cambridgeshirepeterboroughca.gov.uk/wpcontent/uploads/documents/governance/transpa
-rency/codesofconductandpolicies/PrivacyPolicy2023_07_18.pdf

مشترکہ اتھارٹی کے ڈیٹا کے تحفظ سے متعلقہ افسر سے dpo@cambridgeshirepeterboroughca.gov.uk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

P1. براہ کرم اس امر کی تصدیق کرنے کے لیے نشان زد کریں کہ آپ نے ہمارے رازداری سے متعلقہ نوٹس کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔ (براہ کرم خانے کو نشان زد کریں)

براہ کرم مکمل کردہ فارم فراہم کیے گئے فری پوسٹ لفافے میں ڈال کر درج ذیل پتے پر واپس بھیجیں:

Cambridgeshire & Peterborough Combined Authority,

Bus Franchising Consultation,

2nd Floor, Pathfinder House,

St Mary's Street, Huntingdon,

Cambs, PE29 3TN